نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے سی ای او مسٹر ہین وائے (Mr.Han Wei) کی قیادت میں چین کی اے آئی فورس ٹیک کمپنی کے وفد کی پنجاب اسمبلی لاہور میں ملاقات

لاہور23 جنوری2025: وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے سی ای او مسٹر ہین وائے (Mr.Han Wei) کی قیادت میں چین کی اے آئی فورس ٹیک کمپنی کے وفد نے پنجاب اسمبلی لاہور میں ملاقات کی۔ملاقات میں وفد کے اراکین ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ مسٹر گیو وائے (Mr.Guo Wei)،سنئیر پروڈکٹ مینجر مسٹر لی وائے ہیو(Mr.Li Weihua)، پروڈکٹ ڈائریکٹر مسٹر لیو جیک آئی (Mr.Liv Jikai)اورڈائریکٹر آف انٹرنیشنل بزنس مسٹر توصیف عباس(Mr. Tausif Abbas)بھی موجود تھے۔

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ چائنا زرعی شعبہ میں جدت اورٹیکنالوجی کے فیلڈ میں گلوبل لیڈر رہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں۔انھوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف اورمیرے پچھلے ماہ چین کے دورہ کے دوران پنجاب حکومت اور چائنا کی 'آرٹفیشل انٹیلجنس فورس ٹیک' کمپنی کے درمیان ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔مفاہمت کی یادداشت کے معاہدہ کے تحت صوبہ پنجاب میں جدید زرعی مشینیری کوفروغ دیا جائے گا۔صوبائی وزیرزراعت نے مزید کہا کہ معاہدہ کے تحت چین کی اے آئی فورس ٹیک کمپنی پنجاب میں روبوٹک ایگریکلچرل کے آلات تیارکرنے کا پلانٹ لگائے گی۔انھوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کوصوبہ میں زرعی شعبہ میں روبوٹک والیکٹرک ٹریکٹرز متعارف کرانے کیلئے اے آئی فورس ٹیک کمپنی کا تعاون درکار ہے جس سے صوبہ پنجاب کے فارمنگ سیکٹر کوجدیدٹیکنالوجی متعارف کرانے میں مدد ملے گی۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب میں 400ارب روپے کے منصوبوں پرعملدرآمد جاری۔پنجاب میں ایک ایکڑ سے 12.5ایکڑ کے 90فیصد چھوٹے کاشتکاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے مشینیری کا رینٹل سروس پرفراہمی کا پروگرام شروع کررہے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت ملکی تاریخ کی سب سے بڑی سبسڈی کاشتکاروں کو فراہم کی گئی۔انھوں نے کہا کہ 85ہارس پاور سے بڑے ٹریکٹرز کاشتکاروں کورینٹل سروسز کے ذریعے فراہم کریں گے۔وزیرزراعت نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو150ارب روپے کا سالانہ بلاسود قرضہ فراہم کیا جارہا ہے۔زرعی ٹیوب ویلز سولرائزیشن پروگرام کے تحت 9ارب روپے کی لاگت سے 8ہزاربجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویلز کوسولر سسٹم پرمنتقل کیا جارہا ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ چین کے تعاون سے زرعی شعبہ مزید ترقی کرے گا۔

سی ای او اے آئی فورس ٹیک کمپنی ہین وائے نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں زرعی فورس ٹیکنالوجی ٹرانسفر کیلئے ان کی کمپنی مددواعانت فراہم کرے گی۔انھوں نے پنجاب میں ویجٹیبل فارمنگ کا پلائیٹ پراجیکٹ شروع کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔مسٹر ہین وائے نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں ڈیجیٹل پلانٹیشن، ڈیجیٹل لیبارٹریوں کے قیام اورسٹیلائیٹ کے ذریعے مانیٹرنگ اورکنٹرول کے علاوہ جدید ریسرچ کے فروغ کیلئے ہرممکن تعاون فراہم کیا جائیگا۔

☆☆☆☆